ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (724)

16.11.2022

بہاول پور() پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گذشتہ 15 روز کی کارکردگی، 190 اشتہاریوں سمیت 362 ملزمان گرفتار، منشیات فروشوں سے 25 کلو سے زائد چرس، 3262 لیٹر شراب و لہن معہ 13 چالو بھٹیاں اور غیر قانونی اسلحہ برآمد، مقدمات درج۔ ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا، ڈی پی او عبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کے احکامات کی روشنی میں بہاول پور پولیس نے مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے درجنوں ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے داؤ پر لگی رقم، منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کر لیا۔ تھانہ کوتوالی، صدر حاصلپور، قائمپور، بغداد الجدید اور اوچ شریف پولیس نے قمار بازوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 26 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے داؤ پر لگی ہوئی لاکھوں روپے اور جواء کا سامان برآمد کر لیا۔ شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے کو 54 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 2702 لیٹر دیسی شراب، 560 لیٹر لہن معہ 13 چالو بھٹیاں برآمد کر لیں۔ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 30 ملزمان کو گرفتار کر کے 25 کلو 640 گرام چرس برآمد کر لی۔ پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 42 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 33 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد کاربین 12 بور، 01 عدد ریپیٹر 12 بور، 01 عدد بندوق 12 بور، 04 عدد رائفل اور 02 ریوالور 32 بور برآمد کر لیے۔ مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ضلع بھر کی پولیس نے کیٹگری "A" کے 12 اور "B" کے 178 سمیت 190 مجرم اشتہاریوں کو بھی گرفتار کر کے چالان عدالت کیا گیا۔ اسی طرح پولیس نے نیشنل ایکشن پلان کے تحت کاروائیاں کرتے ہوئے ساؤنڈ سسٹم اور عارضی رہائش ایکٹ میں 20 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(725)

16.11.2022

بہاول پور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے ضلع بھر کے خدمت مراکز کو پبلک سروس بہتر بنانے کے لیے گائیڈ لائنز دیں، خدمت مراکز کی آن لائن مانیٹرنگ کا فیصلہ، خدمت مراکز بہاول پور پولیس کا FACE ہیں، جن میں بدعنوانی اور شہریوں سے بداخلاقی کسی صورت قابل برداشت نہیں ہے تمام افسران اپنا قبلہ درست رکھیں، ڈی پی او عبادت نثار

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کی" پبلک سروس پالیسی" کے سپرٹ کے تحت خدمت مراکز کی پرفارمنس کو مزید بہتر کیا جارہا ہے، ڈی پی او عبادت نثار نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب اور آئی جی پنجاب کا خدمت مراکز میں سروسز کے حوالے سے بہت کلیئر ویژن ہے، خدمت مرکز کا مطلب ہی متعین شدہ وقت میں عوام کو سروسز دینا ہے۔خدمت مراکز میں دی جانے والی سہولیات کے بارے میں عوام کو بھی آگاہ کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری مستفید ہوسکیں، خدمت مراکز میں کسی بھی طرح کی بدعنوانی اور بداخلاقی جیسے عناصر کی جھلک بھی نظر آئی تو متعلقہ اسٹاف کے خلاف بہت سخت ایکشن لیا جائے گا، ڈی پی او نے خدمت مراکز میں صفائی، موسمی صورتحال اور سیکیورٹی کو مدنظر رکھتے ہوئے بھی مناسب انتظامات کرنے کی ہدایت دیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس